# ہانگ کانگ پروگرام("CCMF")سائبر پورٹ کری ایٹو مائیکرو فنڈ

درخواست گزاروں کے لیے رہنما ہدایات اور نوٹس

**آپ کے کرنے کے امور:**

- اپنی درخواست جمع کروانے سے پہلے سائبر پورٹ کری ایٹو مائیکرو فنڈ ("CCMF") ہانگ کانگ پروگرام سے متعلق بروشر/بروشرز اور ان رہنما ہدایات اور نوٹس کا مطالعہ کریں۔

- کسی قسم کے سوالات کی صورت میں بذریعہ فون کال یا ای میل ہانگ کانگ سائبر پورٹ منیجمنٹ کمپنی لمیٹڈ ("Cyberport") سے رابطہ کریں۔

ہاٹ لائن: 3900 3166 (852) (صبح 9بجے تا شام 5بجے، پیر تا جمعہ)

فیکس: 3027 3166 (852)

ای میل: ccmf_enquiry@cyberport.hk

**1. اہلیت اور درخواست دینے کا عمل**

1.1 CCMFہانگ کانگ پروگرام میں شمولیت اختیار کرنے والے درخواست گزار کو درج ذیل میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہوگا:

a) ہانگ کانگ یَنگ آنٹر پرینور پروگرام ("HKYEP") ، یا
b) پروفیشنل سٹرِیم

1.2 CCMFہانگ کانگ پروگرام کے HKYEP اور پروفیشنل سٹرِیم کے تحت ایک درخواست یا تو انفرادی درخواست (Individual Application) یا پھر کمپنی درخواست(Company Application) کی صورت میں جمع کروائی جاسکتی ہے۔

1.3 **انفرادی درخواست (Individual Application)** کے لیے، مرکزی درخواست گزار کو ہانگ کانگ کا مستقل شناختی کارڈ (Hong Kong Permanent Identity Card) کا حامل ہونا چاہیئے۔ **کمپنی درخواست (Company Application)**کے لیے کمپنی رجسٹرشدہ ہونی چاہیئے اور ہانگ کانگ میں واقع ہونی چاہیئے۔ 18برس یا اس سے زائد عمر کے افراد مقررہ تاریخ تک درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔

1.4 **HKYEPکے لیے انفرادی درخواست (Individual Application)** جمع کروانے کے لیے مرکزی درخواست گزار کو ہانگ کانگ کا مستقل شناختی کارڈ (Hong Kong Permanent Identity Card) کا حامل ہونا چاہیئےاور درخواست جمع کروانے کی مقررہ تاریخ تک اس کی عمر 18تا35برس کے درمیان ہونی چاہیئے۔

1.5 **HKYEP کی کمپنی درخواست(Company Application)** کے تمام امیدواران کی عمر کم از کم 18برس ہونی چاہیئے اور درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ تک کاروبار کے مالکان میں سے کسی ایک کی عمر18تا 35 برس کے درمیان ہونی چاہیئے۔ علاوہ ازیں، کاروبارکے نامزد مالک کوCCMFکے منصوبے کے دورانیہ میں کمپنی میں اسی عہدے پر کام کرنا چاہیے جس کے لیے وہ نامزد تھا۔ کمپنی ہانگ کانگ میں رجسٹرشدہ اور قائم ہونی چاہیئے۔

1.6**پروفیشنل سٹرِیم کے لیے انفرادی درخواست (Individual Application) اور کمپنی درخواست (Company Application)** کے تمام امیدواران (یعنی مرکزی درخواست گزاران اور منصوبہ کو سنبھالنےوالی ٹیم کے ارکان جو

CCMFکے درخواست فارم پردیئے گئے ہیں) کی عمریں درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ تک کم ازکم 18برس ہونی چاہیئں۔

1.7 انفرادی درخواستوں کے تمام امیدواران، کمپنی درخواستوں کے بانی، شریک بانی یا ڈائریکٹرز وہ بانی/شریک بانی یا ڈائریکٹرز نہیں ہوسکتے جو درج ذیل کے لیے اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں:

1.7.1 وہی یا اس سے ملتا جلتا منصوبہ یا کمپنی جو اسی یا اس سے ملتی جلتی نوعیت کی ہو اور جو فی الوقت ہانگ کانگ ڈیزائن سینٹر یا ہانگ کانگ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارکس کارپوریشن کے کسی بھی سیڈ فنڈنگ پروگرام /پروگرامز(کاروبارکے لیے بنیادی سرمایہ فراہم کرنے کا پروگرام )، پری انکیوبیشن پروگرام /پروگرامز اور انکیوبیشن پروگرام/پروگرامز میں شامل ہو۔

1.7.2 وہی یا اس سے ملتا جلتا منصوبہ جو ہانگ کانگ ڈیزائن سینٹر یا ہانگ کانگ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارکس کارپوریشن کے کسی بھی سیڈ فنڈنگ پروگرام /پروگرامز(کاروبارکے لیے بنیادی سرمایہ فراہم کرنے کا پروگرام )، پری انکیوبیشن پروگرام /پروگرامز اور انکیوبیشن پروگرام/پروگرامزمیں شامل ہوا ہو اور تکمیل کو پہنچا ہو۔

ہانگ کانگ ڈیزائن سینٹر یا ہانگ کانگ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارکس کارپوریشن کی جانب سےچلائے جانے والے کچھ پروگرامز کی مثالیں اس فائل کے ساتھ منسلک کردہ شیڈول 1 میں دی گئی ہیں۔

1.8 CCMF کے لیے درخواست دینے کے لیے درخواست گزاروہی یا اس سے ملتا جلتا منصو بہ CCMFپروگرامز بشمول CCMF ہانگ کانگ پروگرام، CCMFکراس باؤنڈری پروگرام اور سائبر پورٹ یونیورسٹی پارٹنر شپ پروگرام میں شامل نہیں کراسکے گا جو پہلے ان پروگرامز میں شامل رہا ہو۔

1.9 اگر کسی منصوبے کا درخواست گزار بیک وقت سائبر پورٹ کری ایٹو مائیکرو فنڈ (CCMF) اور سائبر پورٹ انکیوبیشن پروگرام (CIP) کے لیے درخواست دیتا ہے تو HKCMCL بغیر کوئی نوٹس جاری کیے ، اس درخواست کو CIP کے لیے قابل غور سمجھے گا۔

1.10 CCMFہانگ کانگ پروگرام کے 10درخواست گزاران سائبر پورٹ آنٹراپرینورشِپ منیجمنٹ سسٹم ((''EMS'' کے ذریعے CCMFدرخواست فارم (جہاں ضروری ہو) ضروری دستاویزات کے ہمراہ مقررہ تاریخ تک جمع کرواسکتےہیں۔

1.11 EMS آن لان درخواست، انفرادی درخواست ((Individual Application کے مرکزی درخواست گزار یا کمپنی درخواست (Company Application) کے بانی /شریک بانی اور ڈائریکٹر کی جانب سے جمع کروائی جانی چاہیئے۔ بصورت دیگر، اس پر عمل نہیں کیا جائے گا۔

1.12 درخواستوں کی جانچ پڑتال

1.12.1 اس پورے عمل کے دوران سائبرپورٹ (Cyberport) تمام درخواستوں کی جانچ کرے گا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ یہ درخواستیں اہلیت کے اس معیار پر پورا اترتی ہیں جو درخواست گزاروں کے لیے تیار کیے گئے اس کتابچہ کی رہنما ہدایات اور نوٹس میں بیان کیا گیا ہے۔

1.12.2 صرف شارٹ لسٹ کیےگئے درخواست گزاروں کو ہی پریزنٹیشن سیشن (Presentation Session) کے لیے دعوت دی جائے گی۔

**2 منصوبہ کی نوعیت**

2.1 تمام منصوبہ جات بنیادی طورپرڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے متعلق ہونے چاہیئں اور پروگرام میں داخلے سے پہلے تصوراتی مرحلہ یا ابتدائی حالت میں ہونے چاہیئں۔

2.2 منصوبہ جات نے CCMF پروگرام کے لیے درخواست دینے سے پہلے یا اس پروگرام کےدوران سرکاری اداروں/پروگرامز کی جانب سے کسی قسم کی پیشکش قبول نہ کی گئی ہو اور نہ ہی ان سے رقم وصول کی گئی ہو۔ وہ ادارے /پروگرام جنہیں سرکاری طور پر رقوم فراہم کی جاتی ہیں،اس طرح کی مثالیں منسلک کردہ شیڈول 1میں دی گئی ہیں۔

2.3 سائبر پورٹ اور/یا وٹنگ ٹیم (Vetting Team) کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ بلاشرکت غیرے اپنی صوابدید پر یہ وضاحت اور فیصلہ کریں کہ آیا ایک منصوبہ مذکورہ بالا سیکشن 1اور 2 کی شرائط پرپورا اترتا ہے یا نہیں۔

**3 دیگر فنڈنگ پروگرامز میں شمولیت**

3.1 درخواست گزاران کو چاہیئے کہ وہ اپنے منصوبوں ، اس طرح کے یا مختلف ڈیجیٹل ٹیکنالوجی منصوبوں کے لیے کسی دوسرے سرکاری اور /یا نجی طور پر رقوم فراہم کرنے والے پروگرامز میں شمولیت کے بارے میں حقیقت پر مبنی ، مکمل اور درست معلومات فراہم کریں۔ ان منصوبوں میں درج ذیل شامل ہوسکتے ہیں، تاہم یہ فہرست صرف ان تک محدود نہیں:

a) وہ تمام درخواستیں جن پر اس طرح کے پروگرامز میں عمل کیا جارہا ہے؛
b) اس طرح کے پروگرام میں شامل کی گئی تمام درخواستیں؛
c) پچھلے 18ماہ کے دوران درخواست گزار (یا اس کی جانب سے قائم کی گئی کمپنی ) کی جانب سے CCMF درخواست جمع کروانے کی تاریخ سے پہلے وصول کی گئی تمام رقوم اوراخراجات کا دائرہ کار جو اس طرح کی گرانٹ کے لیے درخواست گزار کی جانب سے وصول کیا گیا؛ اور
d) وہ تمام رقوم جوCCMFدرخواست جمع کروانے کے 18ماہ کے اندر درخواست گزار (یا اس کی جانب سے قائم کی گئی کمپنی) کی جانب سے وصول کیے جانے کی توقع ہے اور اس طرح کی گرانٹ (رقم) کے خرچ کا دائرہ کار۔

نوٹ:

کمپنی درخواست گزاران کے لیے مذکورہ بالا نکتہ (b) اور (c) کے انکشاف کا اطلاق مجوزہ یا اسی طرح کے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی منصوبہ جات پر ہوتا ہے جن میں ان کے ڈائریکٹرز اور حصہ داروں (شیئر ہولڈرز) نے حصہ لیا ہو۔

3.2 درخواست گزاروں کو چاہیئے کہ کسی بھی وقت طلب کرنے پر وہ سرکاری اور /یا نجی طور پر رقوم حاصل کرنے والے پروگرامز کی جانب سے حاصل ہونے والی یا ان کو بھیجی جانے والی رقوم کے ثبوت فراہم کریں۔

3.3 اگر مذکورہ بالا سیکشن 3.1کے تحت فراہم کی گئی معلومات میں کسی قسم کی تبدیلی کی جاتی ہے تو درخواست گزاروں کو چاہیئے کہ وہ اس بارے میں فوری طورپر سائبر پورٹ (Cyberport) کو مطلع کریں( اور جب درخواست کی جائے تو انہیں چاہیئے کہ فارم جمع کروانے کی تاریخ کے بعد جب بھی اس طرح کے پروگرامز کی مد میں کی جانے والی ادائیگی یا وصولی کےبارےمیں استفسار کیا جائے تو وہ ثبوت فراہم کریں)۔

3.4 درخواست گزاران/ CCMF گرانٹ (رقوم) کے وصول کنندگان (CCMF Grant Recipeints) کے لیے ضروری ہے کہ وہ CCFM پروگرام کے لیے درخواست دیتے وقت اور CCMF منصوبے کے 6ماہ کے دورانیہ میں اپنے منصوبوں اور کمپنی کے لیے درخواست دیےگئے/یا جن پروگرامز میں درخواست دی جانی ہے اورسرکاری طور پر رقوم حاصل کرنے والے کسی دوسرے پروگرام کی جانب سے رقم فراہم کرنے کے لیے کی گئی پیش کش یا وہ پیش کش جو ممکنہ طور پر پیش کی جانی ہے ، کے بارے میں سائبر پورٹ آنٹرپرینور ز ٹیم (Cyberport Enterprenurs Team) کو آگاہ کریں۔

3.5 درخواست گزاران اور CCMF گرانٹ کے وصول کنندگان CCMF منصوبہ کے 6 ماہ کے دورانیہ میں اس منصوبے یا اس طرح کے کسی دوسرے منصوبے کے لیے ہانگ کانگ ڈیزائن سینٹر اور ہانگ کانگ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارکس یا اس کے مساوی ادارے کی جانب سے چلائے جانے والے سیڈ فنڈنگ پروگرامز، پری انکوبیشن پروگرامز اور انکوبیشن پروگرامز کی پیش کش قبول نہیں کریں گے ،جیسا کہ اس دستاویز کے شیڈول 1 میں بیان کیا گیا ہےبصورت دیگر ، متعلقہ درخواست گزار/درخواست گزاران اور CCMF گرانٹ کے وصول کنندگان ((CCMF Grant Recipient(s)) کے لیے

ضروری ہوگا کہ وہ CCMF درخواست/پروگرام سے علیحدہ ہوجائیں۔ سائبر پورٹ کو مکمل اختیار حاصل ہے کہ وہ درخواست گزار کو ادا کی گئی رقم واپس لے سکتا ہے۔

3.6 کوئی بھی درخواست گزار اور /یا CCMFگرانٹ وصول کنندہ جو اس دستاویز ، درخواست فارم اور CCMF معاہدہ کی کسی شرط کی خلاف ورزی کرتا ہے، اسے CCMF درخواست /پروگرام سے علیحدہ ہونا ہوگا۔ سائبر پورٹ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی صوابدید پر درخواست گزار کو اس پروگرام سے علیحدہ ہونے کا کہہ سکتا ہے یا CCMF میں درخواست جمع کروانے کے مرحلے/اسکیم میں درخواست گزاران / وصول کنندگان کو معطل کرسکتا ہے اور دی گئی رقوم واپس کرنے کا مطالبہ کرسکتا ہے۔

**4 CCMFدرخواست کا جائزہ لینا**

4.1 جائزہ لینے کا طریقہ کار اورتقسیم

وٹنگ ٹیم (Vetting Team) مستقبل کے منصوبہ کی اہمیت اور CCMF گرانٹ کا اہل بننے کاتعین کرنے کے لیے درج ذیل طریقہ کار اور تقسیم کار کو مد نظر رکھے گی:

منصوبہ کو سنبھالنے والی ٹیم (Project Management Team) (30 فیصد)

کسی منصوبہ کو سنبھالنے والی ٹیم کی اہلیت کا اندازہ اس کے سابقہ ریکارڈ، منصوبہ پر عمل درآمد کی صلاحیت، مارکیٹ میں لانچ کرنے کا بہتر امکان، انفرادی تعلیمی قابلیتوں اورٹیم میں کام کی صلاحیت سے ہوتا ہے۔

بزنس ماڈل اور مارکیٹ میں متعارف کروانے کا وقت (30 فیصد)

مؤثر تبادلہ خیال اور وِژن ، ہدایات، مختصر اور طویل مدتی مقاصد ، پروڈکٹ کی مارکیٹ میں ضرورت، مطلوبہ مارکیٹ اور پروڈکٹ کو فروخت کرنے کی حکمت عملی اور منصوبہ کے قابل عمل ہونے کی حقیقت پر مبنی جانچ۔ مزید برآں، گرانٹ (رقم) کی فراہمی کے تین ماہ کے اندر پروڈکٹ کو لانچ کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

مجوزہ منصوبہ، پروڈکٹ اور خدمت کی تخلیقی صلاحیت اور اختراع (30 فیصد)

عوامل جیسا کہ اختراعی ٹیکنالوجیز، تخلیقی حل، پُر ہنگامہ ٹیکنالوجی صلاحیت، ابھرتی یا مسائل کو حل کرنے والی ٹیکنالوجیز کا استعمال

سماجی ذمہ داری (30 فیصد)

ایسے منصوبوں کو ترجیح دی جائے گی جو سماجی ذمہ داری کو منصوبے کے اہم نکتہ کے طور پر پیش کریں گے (جس میں اوپن سورس میں کردار ادا کرنا (یعنی لوگوں کو منصوبہ میں شامل کرنا)، محفوظ حقوق کی حامل ٹیکنالوجی تک لوگوں کو رسائی دینا اور سماجی نکتہ نظر سے نئی ٹیکنالوجی میں کردار ادا کرنا)، اخلاقی طور پر درست فیصلے کرنے کی صلاحیت کا اظہار، اور سماجی ماحول سے پیدا ہونے والے مسائل کو حل کرنے میں کردار ادا کرنا۔

4.2 حتمی فیصلہ

رقم کی فراہمی سے متعلق حتمی فیصلہ وٹنگ ٹیم (Vetting Team) کی جانب سے کی جانے والی جانچ پر منحصر ہے۔ فیصلہ کی وضاحت کے لیے کی جانے والی کسی بھی اپیل یا درخواست کو زیر غور نہیں لایا جائے گا۔

**5 نتیجہ کا اعلان**

5.1 منصوبہ کا جائزہ لیے جانے کے بعد درخواست گزاروں کو حتمی نتائج سے متعلق بذریعہ ای میل آگاہ کیا جائے گا۔ درخواست گزاروں کا دوبارہ جائزہ سائبر پورٹ (Cyberport) کی جانب سے لیا جائے گا۔

**6 منصوبہ میں داخلے کی پیش کش کی قبولیت**

6.1 کامیاب امیدواروں کو نتائج کے اعلان کے 30 دن کے اندر CCMF گرانٹ کی وصولی کے معاہدہ پر دستخط کرکے واپس کرنا ہوگا ،جس سے اس بات کی تصدیق ہوگی کہ وہ CCMF ا سکیم میں منصوبہ میں داخلہ کی پیش کش کی تصدیق کرتے ہیں۔

6.2 اگرسائبر پورٹ (Cyberport) کو مذکورہ بالا دورانیہ کے اندر کامیاب درخواست گزار کی جانب سے CCMF گرانٹ کی وصولی کا دستخط شدہ معاہدہ وصول نہیں ہوتا تو سائبر پورٹ یہی تصور کرے گا کہ درخواست گزار نے اپنی درخواست واپس لے لی ہے۔ مزید بغیر کوئی نوٹس جاری کیے یہ درخواست خارج کردی جائے گی۔

**7 منصوبہ کا اطلاق**

7.1 CCMF گرانٹ (رقم) کے وصول کنندہ سے مراد (اطلاق کے مطابق) فرد، کمپنی یا ٹیم ہوگی جس نے سائبرپورٹ (Cyberport) کے ساتھ CCMF گرانٹ کی وصولی کے معاہدہ پر دستخط کیےہیں۔

7.2 CCMF گرانٹ کے وصول کنندگان کو چھ ماہ کے عرصہ کے اندر اپنے منصوبوں کا اطلاق کرنا ہوگا۔اس چھ ماہ کے عرصہ کے دوران ، گرانٹ کے وصول کنندگان کو عبوری اور حتمی رپورٹیں جمع کروانی ہوں گی۔

**8 رقم کی فراہمی**

8.1 CCMF گرانٹ کے وصول کنندگان کو درج ذیل مراحل میں کل 100,000ہانگ کانگ ڈالر فراہم کیے جائیں گے:

8.1.1 CCMF گرانٹ کے وصول کنندہ کی جانب سے CCMF معاہدہ پر دستخط کرنے کے بعد اسے 100,000 ہانگ کانگ ڈالر ادا کیا جائے گا۔

8.1.2 سائبر پورٹ کی آنٹرپرینورز ٹیم کے سینئر منیجر کی جانب سے عبوری رپورٹ (Interim Report) کی منظوری کے بعد 45,000 ہانگ کانگ ڈالر ادا کیے جائیں گے۔

8.1.3 بقیہ 45,000ہانگ کانگ ڈالر درج ذیل صورتوں میں ادا کیے جائیں گے:

a) منصوبہ کی تکمیل کے بعد؛ اور
b) سائبر پورٹ کی آنٹرپرینورز ٹیم کے سینئر منیجر کی جانب سے حتمی رپورٹ کی منظوری کے بعد ۔

**9 درخواست گزاران/ CCMF گرانٹ کے وصول کنندگان کی ذمہ داریاں**

9.1 CCMF کے واضح پن، شفافیت اور سالمیت کو یقینی بنانے کے لیے ہر درخواست گزار/ CCMF گرانٹ کا وصول کنندہ:

9.1.1 رشوت سے بچاؤ کے آرڈیننس (Prevention of Bribery Ordinance) (ہانگ کانگ قانون سازی۔ Cap.201) پر عمل در آمد کرے گا ۔ اپنے ملازمین ، نمائندوں، ذیلی ٹھیکے داروں اورعملے کے دیگر ایسے ارکان جو درخواست/ منصوبہ سے تعلق رکھتے ہوں گے، انہیں بھی ہدایات جاری کرے گاکہ وہ رشوت سے بچاؤ کے آرڈیننس (Prevention of Bribery Ordinance) میں واضح کردہ ہدایات کی روشنی میں درخواست/منصوبہ کی مد میں نہ تو کوئی فوائد پیش کریں اور نہ کسی فرد سے کوئی فائدہ حاصل کریں۔

9.1.2 سائبر پورٹ میں ملازمت کرنے والے کسی فرد، وٹنگ ٹیم (Vetting Team) کے ممبران یا اس ٹیم کی نمائندگی کرنے والے کسی فرد کو CCMFپروگرام کے دورانیہ کے دوران کوئی فائدہ یا تحفہ پیش نہیں کرے گا یا تحفہ دینے کے لیے رضامندی ظاہر نہیں کرے گا یا اس طرح کے فرد کے کام کے لیے انعام یا ترغیب کے طور پر یا کوئی کام کرنے سے انکار کرنے یا کوئی کام سرانجام دینے پر یا CCMF سے متعلق کسی امر کو سرانجام نہ دینےیا CCMF سے متعلقہ کسی فرد کو فائدہ یا نقصان دینے یا ایسا کرنے سے باز رہنے پر کوئی ترغیب یا انعام نہیں دے گا؛

9.1.3 مفادات کے ممکنہ یا حقیقی ٹکراؤ کے بارے میں معلوم ہونے پر فوری طور پر سائبر پورٹ (Cyberport) کو آگاہ کرے گا۔ مفادات کے ٹکراؤ میں کوئی بھی ایسی صورت حال شامل ہے جس میں کسی درخواست گزار/ CCMF گرانٹ کے وصول کنندہ یا اس کے ماتحت کام کرنے والے افراد کا ذاتی /مالی فائدہ، ٹکراؤ یا مقابلہ ،یا اس طرح کے درخواست گزار/ CCMF گرانٹ کے وصول کنندہ یا CCMF کے ماتحت کام کرنے والے افراد کے ساتھ عہدوں، فرائض اور /یا غیر جانبداری کے حوالے سے ٹکراؤ یا مقابلے کے امکانات موجود ہوں۔ (مفادات کے ٹکراؤ کی صورتیں صرف مذکورہ بالا تک ہی محدود نہیں ہیں)؛

9.1.4 ضمانت دے گا کہ درخواست گزار / CCMF گرانٹ کا وصول کنندہ اپنے منصوبہ کا حقیقی تخلیق کنندہ ہے اور یہ کہ اس کا منصوبہ حقیقی ہےاور یہ کہ درخواست گزار / CCMF گرانٹ کے وصول کنندہ کے علم کے مطابق اس کا منصوبہ اور اس کے حصہ کے طور پر تیار کی جانے والی پروڈکٹ/پروڈکٹس اور خدمت/خدمات دنیا میں کسی بھی دوسری جگہ پر تیار نہیں کی جارہیں اور نہ ہی دستیاب ہیں؛

9.1.5 اس بات کو یقینی بنائے گا کہ اس کے منصوبہ اور اس کے حصہ کے طور پر تیار کی جانے والی پروڈکٹ/پروڈکٹس اور خدمت/خدمات کسی بھی دوسرے (رجسٹرشدہ یا غیر رجسٹرشدہ ) فریق کے حقوق یا اس کی تخلیقی ملکیت کی خلاف ورزی نہیں کرے گا، جن میں سندِ حق ایجاد کے حقوق، تجارتی نشان کے حقوق اور حقوق ِ نقل واشاعت شامل ہیں (لیکن یہ صرف ان مذکورہ حقوق تک ہی محدود نہیں ہیں)؛

9.1.6 رقم کے لیے درخواست مستعدی اور قابلیت کے ساتھ اور صرف اور صرف CCMF کے تحت منظور شدہ منصوبے کے لیے دے گا؛

9.1.7 CCMF کی جانب سے وصول ہونے والی رقم کو قانون یا ان شرائط میں سے کسی شرط کے خلاف خرچ کے لیےنہ تو استعمال کی جائے گی اور نہ ہی فراہم کیا جائے گا،جن کا اطلاقCCMF کو رقم کے حصول کے لیے لکھی جانے والی درخواست پر ہوتا ہے؛

9.1.8 CCMF سے متعلق اشیاء یا خدمات کی خریداری کرتے ہوئے کھلےپن، شفافیت اور مقابلے کے اصولوں کی پیروی کرے گا ؛ اور

9.1.9 تمام ضروری اقدامات (بشمول ضابطہ اخلاق یا معاہدے سے متعلق شرائط کے ذریعے)اس بات کو یقینی بنائے گا کہ اس کے ماتحت کام کرنے والے تمام افراد ان رہنما ہدایات، CCMFدرخواست فارم اور درخواست گزار / CCMF گرانٹ کے وصول کنندہ اور سائبرپورٹ کے درمیان ہونے والے دیگر متعلقہ معاہدہ/معاہدوں کے بارے میں آگاہ ہیں اور ان کی شرائط پر عمل درآمد کریں گے۔

9.2 اگر کوئی بھی درخواست گزار / CCMF گرانٹ کا وصول کنندہ ان رہنماہدایات،CCMFدرخواست فارم یا خواست گزار / CCMF گرانٹ کے وصول کنندہ اور سائبرپورٹ کے درمیان ہونے والے دیگر متعلقہ معاہدہ/ معاہدوں میں دی گئی شرائط و ضوابط میں سے کسی کی خلاف ورزی کرتاہے تو سائبر پورٹ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی درخواست کو منسوخ اور درخواست گزار/ CCMF گرانٹ کے وصول کنندہ کو پوری رقم واپس کرنے کا کہہ سکتا ہے۔ اگر کسی بھی درخواست گزار/ CCMF گرانٹ کے وصول کنندہ کا رویہ فوجداری قانون کی خلاف ورزی ثابت ہوتا ہے تو سائبر پورٹ اس کی اطلاع قانون نافذ کرنے والے متعلقہ ادارے کے حوالے کردے گا۔

**10 ہانگ کانگ اور دیگر زیر اختیار علاقوں کے قوانین کی تعمیل**

10.1 درخواست گزار/ CCMFگرانٹ کے وصول کنندہ کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ کمپنی کے کاروبار کے دوران تمام مقامی قوانین وضوابط پر عمل کرے اور دیگر ان زیر اختیار علاقوں کےقوانین وضوابط پر بھی عمل کرے جہاں کاروبار کیا جارہا ہو یا جہاں اطلاق ہوتا ہو۔

**شیڈول1**

**ان اداروں / پروگرامز کی مثالیں جن کو رقوم سرکاری طور پر فراہم کی جاتی ہیں**

ادارے/پروگرامز جن کو رقوم سرکاری طور پر فراہم کی جاتی ہیں، ان میں درج ذیل شامل ہیں، تاہم یہ صرف ان تک ہی محدود نہیں:

**ادارے/تنظیمیں**

- ہانگ کانگ اپلائیڈ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (ASTRI)
- ہانگ کانگ ڈیزائن سینٹر (HKDC)
- ہانگ کانگ پروڈکٹیوٹی کونسل (HKPC)
- ہانگ کانگ سائنس اینڈٹیکنالوجی پارکس کارپوریشن (HKSTP)
- دی گورنمنٹ آف دی ہانگ کانگ اسپیشل ایڈمنسٹریٹو ریجن (HKSAR)

**پروگرامز**

- ڈیزائن انکوبیشن پروگرام (DIP) آف HKDC
- سائنس اینڈٹیکنالوجی آنٹرپرینور پروگرام (STEP) آف HKSTP
- اِنکُو اَیپ (Incu-App) پروگرام HKSTP
- اِنکُو ٹیک (Incu-Tech) پروگرام آف HKSTP
- اِنکُو بائیو (Incu-Bio) پروگرام آفHKSTP
- لِیڈِنگ انٹرپرائزز ایکسلریشن پروگرام آف HKSTP
- آئی ڈی ایم - سکوائر (iDM-Square) ہارڈ وئیر ایکسلریٹر آف HKSTP

**سائبرپورٹ کری ایٹو مائیکر وفنڈ. ہانگ کانگ پروگرام (CCMF)کے بارے میں اکثر پوچھے جانے والے سوالات**

1 سائبرپورٹ کری ایٹو مائیکرو فنڈ (CCMF)اور سائبر پورٹ انکوبیشن پروگرام (CIP) کے درمیان کیا فرق ہے؟

CCMF اور CIP دو مختلف پروگرام ہیں۔ پروگرام کےلیے درخواست دینے سے پہلے درخواست گزار کو اپنے منصوبہ اور ضروریات کاجائزہ لینا چاہیئے۔

CCMF بہت زیادہ صلاحیت کے حامل ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے کاروباری منصوبوں اور کاروباری منصوبوں کے لیے رقوم فراہم کرکے اختراع اور تخلیقی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ کامیاب درخواست گزاروں کو چھ ماہ کے عرصہ کے دوران 100,000ہانگ کانگ ڈالر کی گرانٹ فراہم کی جائے گی تاکہ وہ اپنے تصورات اور پروٹوٹائپ کو عملی جامہ پہنا سکیں۔

اگر آپ کا منصوبہ ابھی تصوراتی مرحلہ یا پھر تیاری کے ابتدائی مرحلہ میں ہے اور پروگرام کے داخلے (قبول کیے جانے) سے پہلے کم سے کم قابل عمل پروڈکٹ (MVP) تیار نہیں کی گئی تو ( پروگرام قبول/منظور ہونے کی صورت میں) آپ CCMF کے لیے درخواست دینے کے اہل ہیں۔ اگرآپ کے منصوبہ کا پروٹوٹائپ/ کم سے کم قابل عمل پروڈکٹ (MVP) تیار یا لانچ ہوگئی ہے یا وہ کاروباری مرحلے میں ہے، تو آپ کو CIP کے لیے درخواست دینے پر غور کرنا چاہیئے۔

CIPکاروبار کرنے والے افراد اور کاروباروں کی ایسے وسائل کے ذریعے معاونت کرتا ہے جن کا مقصد ان کی ترقی کو فروغ دینا ہوتا ہے۔ کاروبار کے دائرہ کار اور پیشہ ورانہ خدمات کے علاوہ، درخواست گزار کو 24ماہ کے عرصہ کے لیے 500,000ہانگ کانگ ڈالرزکی معاونت حاصل ہوتی ہے۔

---

2 کیا میں ایک ہی منصوبہ کے لیے بیک وقت CCMF اورCIP کے لیے درخواست دے سکتا/سکتی ہوں؟

اگر آپ ایک ہی منصوبہ یا اس سے ملتے جلتے منصوبے کے لیے بیک وقت CCMFاور CIP کے لیے درخواست دیتے /دیتی ہیں توسائبرپورٹ(Cyberport) بغیر کوئی نوٹس جاری کیے صرف CIP درخواست کوزیر غورلائے گا۔

---

3 CCMF کے دو زمرے ہیں: پروفیشنل سٹرِیم اور ہانگ کانگ یَنگ آنٹرپرینور پروگرام (HKYEP)، ہر ایک زمرہ کون سا تقابلی فائدہ پیش کرتا ہے؟

درخواست گزار پروفیشنل سٹریم اور HKYEP میں سے کسی ایک کا انتخاب کرسکتا ہے۔ ان دونوں میں فرق بنیادی طور پر عمر کی کسوٹی /معیار ہے۔ پروفیشنل سٹرِیم کے درخواست گزاران کی عمر درخواست جمع کروانے کی تاریخ تک 18برس یا اس سے زائد ہونی چاہیئے۔ HKYEP کے لیے ، انفرادی درخواستوں کے مرکزی درخواست گزار کی عمر درخواست جمع کروانے کی تاریخ تک 18تا 35برس کے درمیان ہونی چاہیئے اور کمپنی درخواست گزاران کا کم ازکم ایک کاروباری مالک 18تا 35برس کی عمر کے درمیان ہونا چاہیئے۔

اگرٹیم کے کسی بھی رکن کی عمر 18تا 35برس کے درمیان نہیں ہے تو درخواست گزاروں کو چاہیئے کہ وہ پروفیشنل سٹریم کے لیے درخواست دیں۔

درخواست گزاران انفرادی طور پر یا اپنی کمپنیوں کی جانب سے درخواست دے سکتے ہیں۔ انفرادی درخواست گزاران لازمی طور پر ہانگ کانگ کے مستقل شناختی کارڈ کے حامل ہوں۔ کمپنی درخواست گزاران کے لیے لازمی ہے کہ کامیاب داخلے کی صورت میں وہ ہانگ کانگ میں رجسٹرشدہ اور قائم کی گئی لمیٹڈ کمپنی رکھتے ہوں۔

دونوں زمروں کے لیے وٹنگ میٹنگ (Vetting Meeting) اور پریزنٹیشن سیشن (Presentation Session) علیحدہ طورپر منعقد ہوں گے۔ آزاد وٹنگ ٹیم(Vetting Team) 4 معیارات کے حوالے سے درخواست گزاران کی جانچ کرے گی ،جن میں منصوبہ کی تخلیق اور اختراع، منصوبہ کو سنبھالنے والی ٹیم کا تجربہ اور صلاحیت، مارکیٹ کی نمو کی صلاحیت، کاروباری ماڈل اور مجوزہ سنگِ مِیل، سماجی ذمہ داری وغیرہ شامل ہیں۔ ٹیم بہت زیادہ باصلاحیت درخواست گزاروں کا انتخاب کرتی ہے۔

---

4 اگر میں ہانگ کانگ کا مستقل شناختی کارڈ نہیں رکھتا/رکھتی تو کیا میں CCMF ہانگ کانگ پروگرام کے لیے درخواست دے سکتا /سکتی ہوں؟

جی ہاں، آپ CCMF ہانگ کانگ پروگرام کے تحت پروفیشنل سٹرِیم یا HKYEP میں بطور کمپنی درخواست گزار کے طورپر درخواست دے سکتے/سکتی ہیں۔

ہانگ کانگ ینگ آنٹرپرینور پروگرام سٹریم(HKYEP) میں کمپنی درخواست گزار کے طورپر درخواست دینے کے لیے کاروبار کے مالکان میں سےکسی ایک کی عمر درخواست دینے کی تاریخ تک 18تا 35برس کے درمیان ہونی چاہیئے اور (منصوبے) کے داخلہ /منظور ہونے کی صورت میں ہانگ کانگ میں ایک لمیٹڈکمپنی قائم اور رجسٹر کرنی ہوگی۔ علاوہ ازیں، کاروبار کے نامزد مالک کو CCFMمنصوبہ کے دوران ٹیم میں موجود رہنا چاہیئے۔

پروفیشنل سٹرِیم میں کمپنی درخواست گزار کےلیے ضروری ہے کہ منظوری /داخلہ ملنےکےبعد ہانگ کانگ میں ایک لمیٹڈ کمپنی رجسٹرشدہ اور قائم کرنے کے علاوہ اس کی عمر کم ازکم 18برس ہونی چاہیئے۔

5 درخواست اورداخلے/منظوری کا عمل کتنا وقت لیتا ہے اور یہ کس طرح کام کرتا ہے؟

مقررہ تاریخ سے پہلے درخواست جمع کروانا> درخواست جمع کروانے کی تاریخ کے بعد اہلیت جانچنے کے لیے ابتدائی چھان بین> پریزینٹیشن میں شرکت کرنے کے لیے اہل درخواستوں کوشارٹ لسٹ کرنا >پریزنٹیشن اور وٹنگ(احتیاط سے جائزہ لینا) (صرف شارٹ لِسٹ کیے گئے امیدوار)> نتائج کا اعلان > سائبر پورٹ (Cyberport) کی جانب سے دوبارہ جائزہ لینا> داخلے کے لیے معاہدہ پر دستخط کرنا > منصوبہ کا دورانیہ شروع ہوگیا

عام طور پر درخواست جمع کروانے کی تاریخ کے بعد اس عمل کے مکمل ہونے میں تقریباً 3سے 4ماہ لگتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر درخواست جمع کروانے کی تاریخ اپریل تک ہے، توصرف شارٹ لسٹ کیے گئے درخواست گزاران کے لیے پریزنٹیشن کا انعقاد مئی میں ہوگا۔ نتائج کا اعلان جون میں ہوگا اور معاہدہ پر دستخط اور منصوبہ کے لیے رقوم کی فراہمی (سائبرپورٹ کی جانب سے ) دوبارہ جائزہ لیے جانے کے بعد جولائی میں ہوگی ؛لہٰذاCCMF کے آغازکادن جولائی میں ہوگا۔

---

6 کیا میں CIPیا CCMF کے علاوہ اسی عرصہ کے دوران رقوم فراہم کرنے والے کسی دوسرے سرکاری ادارے/پروگرام سے گرانٹ/رقم حاصل کرسکتا/سکتی ہوں؟

درخواست گزار ایسا نہیں کرسکتے اور انہیں CIPیا CCMF کے دورانیہ میں رقوم فراہم کرنےوالےکسی دوسرے سرکاری ادارے/پروگرام سے رقم حاصل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ اس کا اطلاق صرف اور صرف اسی یا اس جیسے دیگر منصوبہ جات پر ہوتا ہے ، تاہم اس کا اطلاق افراد،کمپنی ڈائریکٹرز یا حصہ داران (شیئر ہولڈرز ) پرنہیں ہوتا۔

---

7 کیا میں CCMF منصوبہ کے دورانیہ میں اسی منصوبہ کو استعمال کرتے ہوئے CIP کے لیے درخواست دے سکتا /سکتی ہوں؟

CCMF کا وصول کنندہCIPکے لیے اس وقت درخواست دے سکتا ہے جب CCMFکا منصوبہ مکمل ہوجائے۔

---

8 کیا آپ میرے تصور کو ایک راز رکھیں گے؟

تمام CCMF درخواستوں کو انتہائی رازداری کے ساتھ سنبھالا جاتا ہے۔تاہم، جو امیدا وار کامیاب ہوتے ہیں ان کو اپنے تصورات کئی افراد سے شیئر کرنے پڑسکتے ہیں۔

---

9 کیا درخواست کے لیے کوئی فیس ہوتی ہے؟

جی نہیں ، درخواست کے عمل کی کوئی فیس نہیں ہے۔

---

10 درخواست دینے کے لیے مجھے کیا کیا جمع کروانے کی ضرورت ہے؟

تمام درخواست گزاروں کو ہمارے آن لائن پورٹل کے ذریعے درخواست اور ضروری دستاویزات جمع کروانے ہوتے ہیں۔

---

11 میں درخواست کب جمع کرواسکتا /سکتی ہوں؟

ہم پورا سال درخواستیں وصول کرتے ہیں۔ وصول ہونے والی درخواستوں پر عمل تین مختلف حصّوں میں کیا جائے گا۔

**کوئی بھی سوال پوچھیں**

دفتری اوقات کے دوران 3166-3900 (852) پر کال کریں

ccmf_enquiry@cyberport.hk پر ای میل کریں